# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعة المبارک مورخہ 27 نومبر 2015ء بمطابق 14 صفر 1437 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر پچیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

فَإِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الۡكُبۡرَىٰO يَوۡمَ يَتَذَكَّرُ الۡإِنسَٰنُ مَا سَعَىٰO وَبُرِّزَتِ الۡجَحِيمُ لِمَن يَرَىٰO فَأَمَّا مَن طَغَىٰO وَءَاثَرَ الۡحَيَوٰةَ الدُّنۡيَاO فَإِنَّ الۡجَحِيمَ هِيَ الۡمَأۡوَىٰO وَأَمَّا مَنۡ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِۦ وَنَهَى النَّفۡسَ عَنِ الۡهَوَىٰO فَإِنَّ الۡجَنَّةَ هِيَ الۡمَأۡوَىٰ۔

(ترجمہ): توجب بڑی آفت آئے گی۔ اس دن انسان اپنے کاموں کو یاد کرے گا۔ اور دوزخ دیکھنے والے کے سامنے نکال کر رکھ دی جائے گی۔ تو جس نے سرکشی کی۔ اور دنیا کی زندگی کو مقدم سمجھا۔ اس کا ٹھکانہ دوزخ ہے۔ اور جو اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرتا اور جی کو خواہشوں سے روکتا رہا۔ اس کا ٹھکانہ بہشت ہے۔ وآخِرُ الدَعۡوَانا أَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

جناب شاہ حسین خان: پوائنٹ آف آرڈر، جناب سپیکر!

جناب سپیکر: زہ یو دغه اناؤنسمنټ کوم، بیا تاسو ته یو منټ۔۔۔۔۔

جناب شاہ حسین خان: میں ایک بات کرنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: نہیں میں، میں صرف دو منٹ میں، بعد میں آپ کو موقع دیتا ہوں، میں آپ کو موقع دیتا ہوں، دو منٹ مجھے دے دیں، میں آپ کو۔۔۔۔۔

جناب شاہ حسین خان: میں نے درانی صاحب کے حملے کے بارے میں بات کرنی ہے۔

جناب سپیکر: دیکښې زه صرف اعلان کوم، بس دا نومونه اعلان کوم، تا راغواړم کنه تا راغواړم۔

## جناب سپیکر کی جانب سے اعلان

جناب سپیکر: یہ چھٹیوں کی درخواستیں، آج ہم نے Basically وہ Earthquake کے اوپر ڈسکشن کمپلیٹ نہیں کی تھی، ہمیں ایم پی ایز نے کافی ریکویسٹ کی تھی کہ ہم اس کے اوپر بات کرنا چاہتے ہیں تو آج اس وجہ سے میں نے جو آج کا ہمارا ایجنڈا ہے، اس کو میں سائڈ پہ رکھ کے Purely ہم آج جو جو ایم پی ایز Earthquake پہ ڈسکشن کرنا چاہتے ہیں، میں ان کو پورا موقع دوں گا اور چھٹی کی درخواستیں میں سامنے رکھتا ہوں، اس کے بعد آپ بات کر لیں گے۔

## اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: جناب محمد شیراز صاحب 27 نومبر 2015؛ راجہ فیصل زمان خان 27 نومبر؛ حاجی صالح محمد صاحب 27 نومبر؛ جناب اعظم خان درانی 27 نومبر؛ جناب فضل حکیم صاحب 27 نومبر؛ میڈم عظمیٰ خان 27 نومبر؛ میڈم رقیہ حناء 27 نومبر؛ صاحبزادہ ثناءاللہ صاحب 27 نومبر؛ جناب فخر اعظم 27 نومبر؛ جناب جمشید خان مہمند 27 نومبر؛ جناب شہرام خان ترکئی صاحب 27 نومبر؛ جناب شکیل احمد صاحب 27 نومبر؛ جناب خلیق الزمان صاحب 27 نومبر؛ سردار سورن سنگھ 27 نومبر۔ جی شاہ حسین! پلیز۔

## سابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا، جناب اکرم خان درانی پر قاتلانہ حملے کی مذمت

جناب شاہ حسین خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریه جناب سپیکر صاحب چې تاسو ما له موقع راکړه په دې اهم خبرې باندې۔ پرون سر، درانی صاحب باندې حمله اوشوه په بنوں کښې او درانی صاحب سپیکر صاحب! لکه څنګه چې تاسو ته پته ده، دې ټول هاؤس ته پته ده، هغه د دې صوبې یو نوم دے او هغه د دې صوبې یو پهچان دے۔ درانی صاحب سابقه وزیر اعلیٰ هم دے او درانی صاحب اوس نن سبا Sitting وفاقی وزیر هم دے، نو په هغه باندې دا حمله چې ده دا لکه یو حساب سره په ټوله صوبه چې دا حمله اوشی یا لکه په ټول مرکزی حکومت چې حمله اوشی۔ زه نه پوهیږمه سپیکر صاحب! چې کله مونږ دلته کښې دې هاؤس کښې کښینو یا بهر خلقو ته دغه کوؤ نو مونږ وایو چې د امن و امان دا صورتحال ټهیک شوے دے خو د امن و امان صورتحال بالکل نه دے ټهیک ځکه چې دوئ خپل هغه طریقه کار، هغه واردات هغه مختلفو طریقو سره په مختلفو اندازونو کښې کوی۔ زه هغوی سره چې کوم کسان وفات شوی دی، د هغوی د پاره د مغفرت دعا کوم او کوم کسان چې زخمیان دی، خدائے پاک د هغوی له صحت ورکړی او د درانی صاحب په دغه، هغه باندې چې کومه حمله شوې ده، د دې پرزور الفاظ سره زه مذمت کوم۔ ډیره مهربانی شکریه۔

جناب سپیکر: داسې کوؤ چې مفتی صاحب به دعا اوکړی او بیا کوم پارلیمانی لیډرز په دې باندې یو دوه دوه منټه خبره کوی نو هغه به خبره اوکړی۔

مفتی سید جانان: زه جی دا که ما ته مو یو منټ اجازت راکړلو۔

جناب سپیکر: جی جی۔

مفتی سید جانان: شاه حسین خان خبره اوکړله سپیکر صاحب! زه به ان شاء الله دا کوشش کوم چې دا خبره بیا معاد نکړم خو جناب سپیکر صاحب، دا د یو درانی صاحب خبره نه ده، دا د یوې پارټۍ خبره نه ده، دا غالباً د سن 2008 نه اونیسه تر دغه وخت پورې که هغه سوات دے او که هغه ملاکنډ دے، که هغه بونیر دے او که هغه هنګو دے، که هغه اورکزئی ایجنسئی ده او که هغه کرم ایجنسئی ده، چې چرته هم هغه خلق دی چې هغوی د دنیا په دستور پوهیږی، چا سره په ناسته پوهیږی او په یوې خبرې باندې پوهیږی او د ملک قیادت کولې شی، دا جنګ د

هغه خلقو خلاف جنگ دے۔ د پښتون په خطې باندې داسې خلق پاتې نشولو چې هغه د پښتنو ترجمانئ اوکړی او د پښتنو خبره ځائې ته اورسوی۔ جناب سپیکر صاحب! زه ډیر افسوس سره دا خبره کوم چې که مونږ او تاسو کښینو ټاک شوز کښې، ځنې خلق به ببانگ بالا دا خبره کوی چې دلته امن و امان دے او دلته پولیس غیر سیاسی دے او دلته مطلب دے هیڅ څه نشته دی خو جناب سپیکر صاحب! د دې صوبې وزیر اعلیٰ یو نوم، مبادا خدائے د نه کوی سبا به تاسو سره قصه وی۔۔۔۔۔

(عصر کی اذان)

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب! زه د ایوان ډیر وخت نه اخلم، دا خبره ختموم۔ زه جناب سپیکر صاحب! دې خبرې ته حیران یم چې منسټر نه دے محفوظ، وزیران نه دی محفوظ، مونږ او تاسو نه یو محفوظ، حکومت مې پیښوره پورې رامحدود شولو، چې کوم دفتر ته ځې، ته به پینځه ځایه هلته تعارف کوې، په شپږم ځائې باندې به مطلب دا دے ورځې۔ دفترې مو بندې کړلې ډیرې، ډیرې دروازې بندې شولې تقریباً لږې پاتې دی خو جناب سپیکر صاحب! زه خو به ډیر معذرت سره دا خبره اوکړم چې مونږ خو خپل مینځ کښې بې اعتماده نه یو، دا دومره ایجنسیانې، دا دومره د ملک خرچې، دا دومره وعدې، دا دومره دعوې مطلب دا دے اوشولې، د هغې باوجود نن منسټر نه دے محفوظ، صوبائی اسمبلی نه ده محفوظه، ایم پی اے هاسټل دے نه دے محفوظ، روزانه مطلب دے دا اخبارونو کښې بیانونه راځی، دفترونه د نه دی محفوظ۔ جناب سپیکر صاحب! زما به دا گزارش وی چې جمعیت علماء اسلام هغه جماعت دے چې دغه ملک کښې د یو سوچ او یوې نظریې لاندې سیاست کوی، د ټوپک د سیاست نه قائل ده او نه به آئنده د پاره قائل وی خو مونږ هغه قوتونو ته دا خبره په مخامخ کوؤ چې څوک مونږ سره پنجه وهی، د دې نه مخکښې هغه خلق د تاریخ اوگوری، هغه الله رب العالمین نیست و نابود کړی دی۔ زه د درانی صاحب د دغې واقعې، د درانی صاحب د ملگرو بلکه په نوم ئے پښتون لیډر چې هغه باندې څوک حمله کوی، هغه ته زه د دې ملک، د دغې

صوبې د عوامو د شمن وایم او د دغې حملې بھرپور مذمت کوم۔ مھربانی، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: دعا اوکړه مفتی صاحب!

(اس مرحلہ پر دعائے مغفرت کی گئی)

جناب سپیکر: جعفر شاہ صاحب!

جناب جعفر شاہ: تھینک یو، جناب سپیکر۔ زه د خپل طرف نه، دا ټول ایوان په دې خبره باندې ډیر زیات په تشویش کښې دے او د پارټئ د طرف نه د دې، په درانی صاحب چې کومه حمله شوې ده، د هغې په سختو الفاظو کښې غندنه کوم او ثوک چې په دیکښې شهیدان شوی دی، د هغوی د مغفرت دعا کوؤ او په دې غم کښې مونږ د دوئ سره برابر شریک یو۔ په دې باندې تفصیلی خبره مفتی صاحب اوکړه خو زما خیال دے چې Peace should be given a chance، دا زمونږ نعره پکار ده چې دا د حکومت هم او په دې خطه کښې د ټولو استوګنو چې زمونږه دا یو پوائنټ وی چې مونږه د تشدد خلاف، د دې بد امنئ خلاف، د دې قتل و غارت ګرئ خلاف مونږټول یو موټے یو په اتحاد او اتفاق باندې او زما خیال دا دے جناب سپیکر صاحب! ستاسو په وساطت باندې حکومتی چارواکو ته درخواست کومه چې دوئ د په دیکښې Lead واخلی، مونږ به د دوئ په شا باندې ولاړ یو۔ مھربانی۔

جناب سپیکر: اورنگزیب نلوٹھا! پاکستان مسلم لیگ۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ جمیعت علماء اسلام کے رہنما اکرم خان درانی صاحب کے اوپر جو حملہ کیا گیا ہے، میں پاکستان مسلم لیگ نون کی طرف سے اس کی پرزور مذمت کرتا ہوں اور جناب سپیکر صاحب! گزشتہ کئی عرصے سے تمام سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کے اوپر اور اس اسمبلی کے منسٹرز صاحبان کو شہید کیا گیا، ایم پی ایز صاحبان کو لیکن میں تمام سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ جس جرات کے ساتھ ان دہشتگردوں کا آج تک مقابلہ سیاستدانوں اور ہماری تمام کمیونٹی نے اس صوبے کے عوام نے کیا، اس پر واقعی صوبے کا بچہ بچہ خراج تحسین کے لائق ہے۔ جناب سپیکر صاحب! نیشنل ایکشن پروگرام اور آپریشن ضرب عضب جو وزیر اعظم پاکستان اور چیف آف آرمی سٹاف اور تمام

سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے مل کر شروع کیا، اللہ تعالیٰ کے فضل کرم سے ان دہشتگردوں کی کمر الحمدللہ ٹوٹ گئی ہے، اب وہ بزدلانہ حرکتیں ہمارے صوبے کے اندر جو کر رہے ہیں، ہمارے رہنماؤں کے اوپر جو حملے ہو رہے ہیں، یقیناً ان شاءاللہ وہ وقت دور نہیں جب اس ملک میں ایک دہشتگرد بھی باقی نہیں بچے گا۔ اس وقت تک ہم یہ عہد کرتے ہیں کہ ہم سب مل کے باہمی اتفاق اور اتحاد سے ہم ان دہشتگردوں کا مقابلہ کریں گے اور ان کا آخری دم تک پیچھا کریں گے۔ تھینک یو، جی۔

جناب سپیکر: بخت بیدار صاحب!

جناب بخت بیدار: زه انتهائی شکر گزار یمه چې تاسو ما ته په دې واقعې باندې د وئیلو موقع راکړه. زه د خپل طرف نه او د خپل قومی وطن پارټئ د طرف نه په اکرم خان درانی صاحب باندې چې کومه حمله شوې ده، مونږه پرزور مذمت هم کوؤ خو ورسره ورسره ډیرو زما ملګرو دا خبره اوکړه چې آئے روز په هر لیډر باندې، که وړاندې وروستو خبره اوکړو، د دې اسمبلئ په ممبرانو، د دې اسمبلئ په وزیرانو، زمونږ نه بهر چې کوم زمونږه لکه آفتاب احمد خان شیرپاؤ، سکندر خان شیرپاؤ، اسفندیار ولی خان، زمونږ بشیر بلور صاحب شهید، دغه شان زمونږه قاضی حسین احمد، زمونږه فضل الرحمان صاحب، څوک داسې ما ته بچ ښکاره نشو. امیر مقام چې کوم مطلب دے په هغوی باندې دا هغه هغوی کړے وو خو تر څو پورې به مونږه پاڅو او مذمت به کوؤ؟ څنګه چې نلوټها صاحب اووئیل، مونږه ټهیک ده زمونږ فوج چې کوم آپریشن ضرب عضب شروع کړے دے یا نور چې کوم، دا د دې ملک نه دهشتګرد ختمولو د پاره پکار ده چې مونږه ټول As عوامی نمائندګان په خپلو حلقو کښې د دې د پاره مطلب دا دے یکسو شو او هر ځائې کښې مطلب دا دے مختلفو مشرانو سره، د مختلفو پارټو د مشرانو سره کښینو، دا دهشتګرد چې راځی، څوک چې دا کار کوی خو د چا په ګاؤنډ کښې به ناست وی، د چا په کور کښې به ناست وی، د چا سره به څه کیږی، چا سره به څه کیږی، لهذا زمونږه هم ذمه واری جوړیږی. زما پخپله زما په کور کښې سره زما د وروره شپږ شهیدان شوی دی، شپږ کسان شهیدان شوی دی خو را پاڅو مذمت کوؤ، د مذمت نه علاوه مفتی جانان صاحب دعا اوکړی او د هغې نه علاوه مونږه مطلب دے انښتی یو په یو بل پورې، دلته بله څه خبره نه

کوۀ۔ دلته تا دا اوکړه، دلته تا دا اوکړه او په جان او په مال او په امن باندې اوسه پورې مونږه چرته سنجیده، نه د دې طرفه کوشش اوشو، نه د هغه طرفه کوشش اوشو۔ زما ستاسو په تهرو باندې اپیل دے دې خپل صوبائی حکومت ته، د اپوزیشن ورونړو ته چې دا خبره سنجیده واخلی۔ مونږه ئے نن په یو بل نه وراړوؤ چې دا د دوئ گناه ده که آیا دا زمونږ گناه ده، هر سړی ته خپل ځان معلوم دے خو پکار ده چې په دې باندې په دې بنده کمره کبنې غور اوشی، بحث اوشی، خبره اوشی، هر سړے خپله ذمه واری واخلی، زما دا یقین دے چې فوج ته به لږه ډیره اسانه شی۔

جناب سپیکر: عنایت خان!

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ کل رات جب مجھے اس واقعے کا پتہ چلا تو میں نے اکرم خان درانی صاحب کے فرسٹ کزن اور ان کے رشتہ دار اعظم خان درانی کو جو ہمارے ساتھ رکن اسمبلی ہیں، میں نے ان سے ٹیلیفون پر اسی دن رابطہ کیا اور میں نے حکومت کی طرف سے اور اپنی طرف سے درانی صاحب کو خیرسگالی میسج بھیجا۔ میں بھی اپنے ساتھیوں کے ساتھ شریک ہوں اور ان کے جو جذبات ہیں، وہ شیئر کرتا ہوں اور ایک سیاسی لیڈر کے اوپر حملہ، ہم نے کل بھی کہا ہے کہ وہ ہم اپنے اوپر حملہ سمجھتے ہیں، ہم سارے سیاسی لوگ ہیں، منتخب لوگ ہیں اور ہم سمجھتے ہیں کہ دہشتگردی چاہے جس کے ساتھ بھی ہو، جو بھی اس کا نشانہ بنے، وہ ہم سب بحیثیت مجموعی اس کا نشانہ بنتے ہیں۔ بخت بیدار خان نے Rightly point out کیا کہ اس صوبے کے اندر کوئی ایسا لیڈر نہیں رہا ہے جس کے اوپر حملہ نہیں ہوا ہو اور ہم اس کی مذمت کرتے ہیں اور جمعیت علماء اسلام کے دوستوں کو اور اپوزیشن کو یہ ایشورنس دیتے ہیں کہ حکومت اس کی بھرپور تحقیقات کرے گی اور جو لوگ اس واقعے میں ملوث ہیں، ان کو سزا دے گی لیکن ساتھ میں یہ بھی بتانا چاہتا ہوں کہ یہ بات درست ہے کہ ٹارگٹ کلنگ ختم نہیں ہوئی ہے اور دہشتگردی کا جو سلسلہ ہے یا حملوں کا سلسلہ ہے، یہ ختم نہیں ہوا ہے لیکن گزشتہ ایک سال کے اندر اس میں ایک واضح فرق آیا ہے، بہت زیادہ کمی آئی ہے اور حالات جو ہیں، وہ بہتری کی طرف مطلب جا رہے ہیں اور کسی دن اگر ایوان کے اندر آپ چاہیں گے تو ہم وہ Comparative statistics بھی پیش کریں گے کہ Kidnapping کے اندر بہت زیادہ کمی آئی ہے، ٹارگٹ کلنگ کے اندر کمی آئی ہے، بم

دھماکے جو ہیں، بہت زیادہ کمی اس میں آئی ہے اور وہ دن گئے ہیں کہ جب ہم اس دن کا انتظار کرتے تھے کہ کوئی دن ایسا ہو گا کہ جس دن بم دھماکہ نہ ہو، یعنی ہر روز بم دھماکہ ہوتا تھا۔ تو میرا خیال ہے کہ جو ہماری اجتماعی Collective efforts ہیں، میں اس کو خیبر پختونخوا حکومت کی Efforts نہیں کہوں گا، میں سب کی Collective efforts کہوں گا، فیڈرل گورنمنٹ، پراونشل گورنمنٹ، اپوزیشن، جو ہماری اجتماعی آواز تھی اور اجتماعی ڈیبیٹ تھی اور جس طریقے سے ہم نے اجتماعی طور پہ اس حوالے سے شعور بیدار کیا، یہ اس کا نتیجہ ہے کہ حالات تھوڑے بہتری کی طرف گئے ہیں، نیشنل ایکشن پلان کے نتیجے میں اور اس پہ عمل کرنے کے نتیجے میں بہتری آئی ہے لیکن بہر حال حالات اب بھی اس بات کا تقاضا کرتے ہیں کہ ہم اکٹھے رہیں اور جس طرح جو Consensus create ہوا ہے، National consensus create ہوا ہے، اس میں دراڑیں نہ آئیں اور ہم چاہے جس کے اوپر بھی حملہ ہو، اس حملے کو Condemn بھی کریں اور اس کے حوالے سے یگانگت کا اور یکجہتی کا مظاہرہ کریں اور اکرم خان درانی صاحب ہمارے بزرگ ہیں، ہمارے رہنما ہیں، اس صوبے کے وزیر اعلیٰ رہے ہیں، اس کا ہمارے اوپر حق ہے، فیڈرل گورنمنٹ کے اوپر حق ہے، پراونشل گورنمنٹ کے اوپر حق ہے اور ان کی سیکورٹی اور ان کو 'پروٹیکٹ' کرنا یہ ہماری Responsibility ہے۔ میں ایشورنس دلاتا ہوں کہ ان شاءاللہ تعالیٰ اس حوالے سے کوئی کوتاہی نہیں برتی جائے گی۔

جناب سپیکر: شاہ محمد خان!

جناب شاہ محمد خان (معاون خصوصی برائے ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریه جناب سپیکر صاحب۔ پرون چې کومه واقعه شوې ده سپیکر صاحب! دا زما علاقه ده، PK-72 اخری د فاټا بارډر دے او زه د هغې واقعې په شدید الفاظ کښې مذمت کوم د خپل طرفه هم، د خپلو ملګرو او د خپلې پارټۍ د طرفه هم د هغې مذمت کوم۔ دهشتګردی که په درانی صاحب باندې وی او که په بل ځائې کښې وی، پاکستان کښې او که په فرانس کښې وی نو ان شاء الله مونږ ئے هر ځائې کښې مذمت کوؤ خو سپیکر صاحب! چې کوم کسان شهیدان شوی دی هلته کښې، د هغوی د پاره د حکومت د معاوضې اعلان هم اوکړی، د زخمیانو د پاره هم او د شهیدانو د پاره هم۔ زمونږ د قبائلو روایات دی چې کله میلمه راشی

نو هغه میلمه که هغه ئے د شمن وی هم پخپله بدرګه باندې خپل ځائې ته رسوی۔ د درانی صاحب سره زمونږه په بنوں کښې سیاسی اختلاف شته خو ذاتی نه، نو ان شاء الله که زه هلته کښې حاضر وے، په بنوں کښې وے نو شاید د خپلو روایاتو په وجه به ما هغوی بدرګه کړی وه، سیکورټی به مې ورکړې وه جی، ولې چې علاقه زما ده او دا د پښتونولئ روایات دی خو مونږ په هغې باندې انتهائی پښیمانه یو ولې چې دا کومه واقعه شوې ده، زمونږه علاقه ډیره انتهائی پرامن وه، الحمدلله داسې واقعات نه وی خو چونکه دا ایریا ته زه پخپله هم دوه نیم کاله شوی دی چې نه یم تلے نو علاقه Sensitive ده، په دیکښې هیڅ څه شک نشته، د فاټا بارډر دے او درانی صاحب زمونږ مشر دے خو شاید هغوی به خوښه کړی وی چې دې علاقې ته ته لاړ شه، نو سنجیده کس چې وی نو د هغوی سوچ هم سنجیده پکار وی او زه د دې مذمت کوم۔ شکریه۔

## جناب سپیکر کی جانب سے اعلان

جناب سپیکر: ایک اعلان میں کرنا چاہتا ہوں۔ سیکرٹری ماحولیات 'بلین ٹریز سونامی' کی اہمیت اور افادیت سے متعلق بروز پیر مورخہ 30 نومبر گیارہ بجے صبح اولڈ اسمبلی ہال میں ایک بریفنگ دیں گے۔ تمام ممبران سے ریکویسٹ ہے کہ وہ اس میں اپنی حاضری یقینی بنائیں اور ان کی خواہش یہ ہے کہ جتنے یہ ابھی Campaign شروع کرنا چاہتے ہیں تو تمام ایم پی ایز کو Onboard لینا چاہتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ وہ جو جو، جس کی ڈیمانڈ ہے، اس کے مطابق اس کے ساتھ بات کی جائے، تو یہ 30 نومبر گیارہ بجے اولڈ اسمبلی ہال میں یہ آئیں گے۔ ابھی چونکہ پانچ منٹ نماز کیلئے رہ گئے ہیں تو اس کے بعد باقی، نماز کے بعد باقی اجلاس شروع کریں گے تو بریک کرتے ہیں نماز اور چائے کیلئے۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز عصر اور چائے کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: یو منټ، یو منټ، دا لږ، یہ برابر تھوڑا ہو جائے نا۔ اچھا، نلوٹھا صاحب! پلیز۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ، جناب سپیکر صاحب! میں۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ، جناب سپیکر صاحب! میں بہت مشکور ہوں آپ کا، آپ نے مجھے ٹائم دیا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، میں ایک انتہائی اہم مسئلے کی طرف جناب کی توجہ دلانا چاہتا ہوں، وہ یہ ہے جناب سپیکر صاحب! کہ ایک سال، غالباً سوا سال ہونے والا ہے، ڈپٹی سپیکر کا عہدہ خالی ہے اور ہاؤس نامکمل ہے۔ جناب سپیکر صاحب، ہم نے فرداً فرداً آپ سے ریکویسٹ بھی کی ہے، اپوزیشن لیڈر صاحب کے ساتھ مل کے بھی آپ سے ریکویسٹ کی ہے، تو میں آپ سے یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ آپ شیڈول کا اعلان جس طرح آپ نے وعدہ کیا تھا کہ میں تین دنوں کے اندر اندر ڈپٹی سپیکر کے شیڈول کا اعلان کروں گا، تو مہربانی کر کے ہاؤس کو پر کیا جائے۔ جناب سپیکر صاحب! سوا سال ہونے کو ہے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ جو تبدیلی تھی تحریک انصاف کی کہ تبدیلی آ نہیں رہی ہے، آ گئی ہے تو Kindly یہ تبدیلی اس ہاؤس کو پسند نہیں ہے تو مہربانی کر کے ڈپٹی سپیکر کے شیڈول کا آپ اعلان کریں اور اگر آپ اعلان نہیں کریں گے تو جناب سپیکر صاحب! ہمیں مجبوراً پھر اپوزیشن کو احتجاج کرنا پڑے گا اور ہم چاہتے ہیں کہ آپ ہمارے احتجاج کے بغیر ہی شیڈول کا اعلان کر دیں تا کہ ہاؤس مکمل ہو جائے۔

جناب سپیکر: آپ کو احتجاج کا، آپ کو احتجاج کا ان شاءاللہ ذرا موقع نہیں ملے گا۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! ہماری اگر آپ کو، حکومت کو اگر ہماری مدد کی ضرورت ہے تو ہم وہ بھی کرنے کیلئے تیار ہیں لیکن جو رولز کے مطابق اگر آپ ہاؤس کو چلائیں گے تو یہ آپ کی جناب سپیکر صاحب، ذمہ داری ہے اور الحمدللہ اس پورے ہاؤس نے آپ کو منتخب کیا ہے اور آپ کی چیئر ہم سب کیلئے بڑی قابل احترام ہے، ہم آپ سے یہ توقع رکھتے ہیں کہ آپ آج ہی شیڈول کا اعلان کریں گے تا کہ اسمبلی کے تمام ممبران، چاہے وہ حکومت سے ہیں یا اپوزیشن سے ہیں، تو ان کی خواہش پوری کرنے کیلئے بلکہ رولز کے مطابق جو اسمبلی کا اجلاس سوا سال سے چل رہا ہے تو یہ بڑے تعجب کی بات ہے، دنیا میں اس کی مثالیں دی جائیں گی تو واحد ڈپٹی سپیکر کے الیکشن نہ ہونے کی وجہ سے یا عدم موجودگی سے آپ کو اتنا لمبا اجلاس چلانا پڑا، تو میری یہ گزارش ہے کہ آپ آج ہی اگر اناؤنس کر دیں شیڈول کو تو ہم آپ کا شکریہ بھی ادا کریں گے اور اگر آپ نے شیڈول کا اعلان نہ کیا تو پھر مجبوراً ہمیں احتجاج کرنا پڑے گا۔

جناب سپیکر: ان شاءاللہ آپ کو احتجاج کا موقع نہیں ملے گا نلوٹھا صاحب! اور جس طرح آپ کی خواہش ہے، ہم نے ویسے ہی Approval دے دی ہے اور گورنر صاحب کو ہم نے بھیج دی ہے اور 21 کو Nomination papers داخل ہوں گے اور 22 دسمبر کو ان شاءاللہ الیکشن ہو گا۔ (تالیاں) محمود جان صاحب، محمود جان صاحب ایک دو ریزولیوشنز لانا چاہتے ہیں،اس کے بعد پھر Earthquake کے اوپر اپنی ڈسکشن شروع کر لیں گے۔ (مداخلت) بس اس کے بعد۔اچھا جی،جی محمود جان صاحب!

## قاعدہ کا معطل کیا جانا

جناب محمود جان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب! د 124 Rule د لاندې د 240 Rule د Relax کولو درخواست غواړم، دوه قرارداده پیش کوم جی۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that rule 124 may be relaxed under rule 240 to allow the honourable Member, to move his resolutions? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it.

## قراردادیں

جناب سپیکر: پلیز،دو ریزولیوشنز ہیں، نمبر بائی نمبر پیش کر دیں۔

جناب محمود جان: جناب سپیکر صاحب! دا یو متفقه قرارداد دے، د عبدالمنعم صاحب په دې دستخط دے جی، د ارباب اکبر حیات صاحب دے جی، سید محمد علی شاه باچا صاحب دے جی، بخت بیدار صاحب دے جی، سید جعفر شاه صاحب دے او د جناب منور خان صاحب دے جی۔

چونکہ کچھ عرصے سے وفاقی وزارت مذہبی امور نے حج انتظامات از خود سرانجام دینے کی بجائے پرائیویٹ ٹور آپریٹرز کے ذریعے شروع کر رکھے ہیں، حالانکہ یہ ایک مذہبی فریضہ ہے اور اس سے عہدہ برا

ہونے کیلئے وفاقی وزارت مذہبی امور کو ایک ذمہ دار وزارت کی حیثیت سے کام کرنا چاہیئے اور تمام حجاج کرام کو سابقہ دور کی طرح حکومت پاکستان کی طرف سے بھجوائے جانے کے انتظامات کئے جائیں کیونکہ حالیہ واقعات نے یہ ثابت کیا ہے کہ اکثر پرائیویٹ ٹور آپریٹرز سوائے پیسے کمانے کے حجاج کرام صاحبان کی سہولیات کیلئے کوئی خاطر خواہ انتظامات نہیں کرتے اور اس کے علاوہ سرکاری طور پر اور پرائیویٹ ٹور آپریٹرز کے ذریعے حج پر اٹھائے جانے والے اخراجات میں بہت بڑا فرق ہے جو کہ ایک غریب آدمی کیلئے خاصا بوجھ ہے، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ مرکزی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ حج انتظامات وفاقی وزارت مذہبی امور اپنے ہاتھوں میں لیکر حجاج کرام کی خدمت اور قومی فریضہ سمجھ کر انجام دے۔

جناب سپیکر: اچھا، یہ جنہوں نے پیش کی ہے، میں پھر سے الحاج جناب عبدالمنعم، جناب محمود جان صاحب، ارباب اکبر حیات، سید محمد علی شاہ باچا، جناب بخت بیدار، سید جعفر شاہ اور جناب منور خان صاحب، یہ منظور ہے؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب سپیکر: نیکسٹ۔

جناب محمود جان: جناب سپیکر صاحب! دا یو بل قرارداد دے جی، پہ دې باندې د ډاکټر حیدر صاحب، قربان علی خان صاحب او د ضیاء اللہ بنگش صاحب هم دستخط دي جي۔

یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ صوبہ خیبر پختونخوا کے پبلک سیکٹر میڈیکل کالجز میں محکمانہ چناؤ کمیٹی کے ذریعے بھرتی شدہ فیکلٹی کے ان تمام ڈاکٹرز کو جو تاحال اپنی خدمات اپنے متعلقہ کالجز میں جاری رکھے ہوئے ہیں لیکن ایڈہاک بنیادوں پر بھرتی ہوئے، باقاعدہ مستقل کر کے بشرط یہ کہ متعلقہ ڈاکٹرز مستقل ہونے کے دن پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل کے مرتب شدہ ریگولیشنز کے مطابق اپنے موجودہ عہدے کیلئے اہل ہوں۔ شکریہ جی۔

جناب سپیکر: منظور ہے جی؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب سپیکر: جی ایک منٹ، سلیم خان صاحب۔

جناب سلیم خان: جناب سپیکر! بہت شکریہ۔ سر، ایک انتہائی اہم مسئلہ حکومت کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ سر! گزشتہ دنوں ضلع چترال کے بروغل، اگر منسٹرز صاحبان توجہ دیں، منسٹرز صاحبان کی توجہ چاہتا ہوں جی حکومت کی، علاقہ بروغل چترال میں ایک علاقہ ہے جی جو بارڈر پر واقعہ ہے، گزشتہ دنوں وہاں پر شدید برف باری ہو چکی ہے اور تقریباً کوئی چار فٹ وہاں پہ برف پڑی ہے۔ لوگوں نے پیدل چل کے چترال میں آ کے پرسوں انہوں نے ایک پریس کانفرس کی ہے۔ تقریباً دو ہزار گھرانے وہاں پہ آباد تھے جی، وہاں پہ ایک قحط کی سیچویشن پڑ چکی ہے، روڈز سارے بند ہو چکے ہیں اور وہ لوگ بالکل مجبور ہیں، انہوں نے اپیل کی ہے گورنمنٹ سے کہ ان کو ابھی خوراک کی قلت پڑی ہے، وہاں پہ گندم ہے اور پینے کیلئے چکی وہاں پہ نہیں ہے، تو ان کی ریکویسٹ یہی ہے، بروغل کے علاقے کے لوگوں کی، تقریباً دو ہزار گھرانے ہیں، ان کے قریب افغانستان بھی ہے، واہ خان بھی ہے اور Russia بھی ہے، میں اپنی حکومت سے، صوبائی حکومت سے، مرکزی حکومت سے انہوں نے اپیل کی ہے کہ وہاں پہ ان کیلئے خوراک پہنچائی جائے، آٹا اور باقی کھانے پینے کی چیزیں۔ تو ایک انسانی المیہ ہے جی، اس کے اوپر۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Inayat Khan! Please respond.

جناب سلیم خان: جناب سپیکر! اور وہاں 70 کی دھائی میں اس طرح کی سیچویشن ہوئی تھی، بھٹو صاحب کی حکومت تھی، لوگوں کو خوراک بھی پہنچائی گئی تھی اور وہاں پہ ان کے مال مویشوں کیلئے چارہ بھی پہنچایا گیا تھا، تو یہ میری ریکویسٹ ہے حکومت سے، تو Kindly اس کو مہربانی کر کے یہ بہت سیریس ایشو ہے جی، یہ وہاں پہ قحط پڑنے کا امکان ہے، Kindly اس کے اوپر کوئی نوٹس لیں جی۔

جناب سپیکر: عنایت خان! پلیز۔

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

جناب سپیکر: اس کے بعد باقاعدہ ڈسکشن شروع کر لیں گے، رشاد خان، مفتی فضل غفور اور۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر (بلدیات): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

جناب سپیکر: جی جی۔

سینیئر وزیر (بلدیات): یہ جو نکتہ انہوں نے اٹھایا ہے، علاقہ بروغل کے لوگ جہاں پہ برف باری ہوئی ہے، اس وجہ سے وہاں خوراک کے سامان کی قلت ہے اور وہاں پر پہنچائی نہیں جا پا رہی ہے۔ سلیم خان صاحب کو میں ریکویسٹ کروں گا کہ وہ مزید تفصیلات میرے ساتھ شیئر کریں اور ان شاءاللہ تعالیٰ حکومت اس کو ایمر جنسی بنیادوں پہ Take up کرے گی اور ان کیلئے Arrangement کرے گی ان شاءاللہ۔

جناب سپیکر: جناب ارباب اکبر حیات۔ جی جی، ارباب اکبر حیات، پلیز۔ جی جی۔

محترمہ معراج ہمایون خان: محترم سپیکر صاحب! ما له لږ ټائم را کړئ، زه یوه خبره کول غواړمه په کال اټینشن باندې جی۔

جناب سپیکر: جی جی میڈم! وہ تو آپ کے ساتھ میں نے بات کی ہے کہ Monday کو رکھ لیں گے ان شاء اللہ اس کو۔

محترمہ معراج ہمایوان خان: جناب سپیکر صاحب! دا په اضافی ایجنډا کښې شامل کړئ۔

جناب سپیکر: میں اس کو اضافی ایجنڈے کے طور پر لے لوں گا، اس کو اضافی ایجنڈے میں، یہ جو اس کی ریکویسٹ ہے، اس کو شامل کر لوں گا۔ د دې یو دغه دے کال اټینشن دے۔

ارباب اکبر حیات: شکریه جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب! د دې مولوی جی هسپتال، د مولوی جی هسپتال متعلق ډیر زیات Complaints ما ته راغلی وو او نن خو بلکه زما یو رشته دار وو، هغوی تلی وو نو هلته یو ډاکټره ده، ډاکټر نسرین ورته وائی چې په سیکنډ شفټ کښې ده جی او د هغې خلاف Complaints هم ډیر زیات دی او Even هغه خلقو ته وائی چې یره دلته دوایانې هم نشته او دلته علاج نه کیږی، تاسو ایل آر ایچ هسپتال ته ځئ او هلته به تاسو ته صحیح علاج معالجه کیږی۔ دویمه خبره دا ده جناب سپیکر صاحب! هلته ایم ایس ریټائرډ شوے دے تقریباً درې یا څلور میاشتې اوشوې او بل ایم ایس هم هلته نشته، هغه وائی چې بس زه All in all یمه چې زه څه وایم۔ جناب سپیکر صاحب! زمونږه به دا مطالبه وی چې د دې خلاف د لږه انکوائری اوشی، یو خو د ایم ایس هلته کښې بل چې کوم دے هائر کړی او دا ښځه چې کومه ده، کومه چې په

سیکنډ شفټ کښې ډاکټر نسرین ده نو دې ته لږ دغه اوشی، کم ازکم چې دا مریضان او بیماران وی چې لږ ښه طریقې سره دغه اوشی۔

جناب سپیکر: ارباب صاحب! اگر آپ اس طرح کریں کہ ایڈجرنمنٹ موشن یا کال اٹینشن نوٹس لائیں تاکہ اس کا Concerned Minister آپ کو Proper respond کریں تو ڈیپارٹمنٹ اس کو۔ میں ابھی رشاد خان کو ریکویسٹ کروں گا کہ وہ Earthquake کے اوپر ڈسکس کریں۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر صاحب! زه یوه خبره کول غواړمه بالکل جی۔

جناب سپیکر: جی جی، یو منټ، دا رشاد خان لږ یو دغه کول غواړی۔

جناب محمد رشاد خان: بالکل جی۔

جناب سپیکر: جی جی، سردار حسین، سردار حسین صاحب!

جناب سردار حسین: شکریه سپیکر صاحب۔ مهربانی صاحب چې د زلزلې بحث چې دے هغه نن هم په ایجنډا پروت دے خو زما یقین دا دے چې نن دا کوم بلز دی او زه نه پوهیږم تاسو خو هغه ایجنډا Skip کړه نو ما وئیل چې تاسو ته پکار دا وه چې په ایجنډا باندې کوم پوائنټس پراته دی، پکار دا وه چې مرحله وار هغسې تلې وے۔ لګی داسې زما یقین دا دے د حکومت ممبران کم دی نو تاسو مناسب ګڼړلې ده، بخښنه غواړمه څکه به تاسو ایجنډا Skip کړی وی نو۔

جناب سپیکر: نه دا ستاسو غلط فهمی ده، ما چې دے اوس به هم زما خیال سیوا وی، ما د هاؤس نه اجازت واخستو او چونکه ایم پی ایز دا ریکویسټ کړے وو چې چونکه مونږ چې ملاکنډ چې کوم ایم پی ایز یو، هغوی وئیل چې مونږه په دې ایشو باندې ډسکشن کول غواړو نو په دې وجه باندې چې دے نو ما هغوی له لږ موقع ورکړه چې هغوی پرې ډسکشن اوکړی۔ په دې وجه رشاد خان، فضل غفور صاحب ټولو ما ته ریکویسټ کړے وو او هغه ریکویسټ ما هاؤس ته کښیښنودو۔ رشاد خان! پلیز۔

جناب محمد رشاد خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر! زلزلے اور اس کے نقصانات پہ بحث جاری ہے، صوبے کے مختلف اضلاع خصوصاً ملاکنڈ ڈویژن اور دور دراز کے علاقوں میں نقصانات افسوسناک ہیں، لمحہ بھر میں ہزاروں گھر مٹی کا ڈھیر بن گئے، انسانی جانوں کا نقصان، زخمی، انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچا اور ایسی مشکل گھڑی میں وزیر اعظم صاحب کا بیرون ملک دورے میں قیام کو مختصر کرنا، فوراً اسلام آباد پہنچنا اور لمحہ ضائع کئے بغیر شانگلہ پہنچنا، یقیناً میرے خیال سے لائق تحسین ہے اور میں ان کا مشکور بھی ہوں کہ شانگلہ آئے۔ شانگلہ چونکہ نقصانات کے لحاظ سے، زخمی اگر آپ دیکھیں، زلزلے میں سب سے زیادہ زخمیوں کا تعلق شانگلہ سے ہے، سب سے زیادہ اموات شانگلہ میں ہوئیں، صرف گیارہ ہزار کے قریب میرے خیال سے چیکس جو ہیں، وہ تباہ شدہ گھروں کے تقسیم ہو چکے ہیں، اس حوالے سے میں وزیر اعلیٰ صاحب کا بھی مشکور ہوں، عمران خان صاحب کا بھی کہ وہ بھی اسی دن آئے اور شانگلہ کا دورہ کیا۔ ہاسپٹل سے واپسی میں گاڑی میں ان کے بھی نوٹس میں لایا کہ ریلیف کا آپریشن جو ہے وہ جلد سے جلد اور تیز سے تیز شروع کیا جائے۔ سپیکر صاحب! میں ذرا تھوڑا سا مطلب آپ کے ایوان کے اس کے نوٹس میں لاؤں، شانگلہ کی آبادی کا 80% حصہ جو ہے، وہ پہاڑوں میں آباد ہے، 80% آبادی جو ہے وہ پہاڑوں پر مشتمل ہے اور زیادہ تر نقصانات بھی پہاڑوں پر ہوئے ہیں، روڈز کا مؤثر نظام نہ ہونے کی وجہ سے، پسماندگی کی وجہ سے ان لوگوں تک پہنچنا، تو یہ کافی مسائل زلزلے کے دوران سامنے آئے۔ سپیکر صاحب! میں خود تقریباً ہر جگہ گیا ہوں، چیدہ چیدہ شکایات تو ہر جگہ ہیں لیکن جو پہاڑوں پر، جو ٹاپ پر جہاں پہ نقصانات ہیں سپیکر صاحب! میں نے وہاں پر دیکھا کہ مکانات ملبے کا ڈھیر ہیں، لوگ اپنے گھروں کے سامنے وہ مال مویشی وغیرہ سب کچھ ملبے کے اندر، ان کا پیسہ، ان کا راشن، ان کے کپڑے، ان کے بستر، ان کے کمبل، سب کچھ اس ملبے کے اندر، اور اوپر سے تیز ترین بارش، میں نے دیکھا کہ وہ فصلوں سے اور گھاس سے، مطلب پشتو میں ہم کہتے ہیں کہ "د جوارو ٹانٹو"، (مکئی کی ٹانڈوں) سے وہ بنایا ہوا ہے، انہوں نے ان سے شلٹر بنایا ہوا ہے بارش سے بچنے کی کوشش میں۔ سب سے افسوسناک پہلو یہ ہے کہ ان کا ٹینٹ جو تھا، وہ سروے سے مشروط کر دیا گیا کہ پہلے ان کا سروے ہو گا تب ان کو ٹینٹ دیا جائے گا، حالانکہ یہ ڈیزاسٹر میرے خیال سے پہلی دفعہ نہیں ہوا ہے، یہ ہمیشہ سیلاب آتے رہتے ہیں، زلزلے آتے رہتے ہیں، تو ہونا یہ چاہیئے تھا کہ سب سے پہلے ان کو

ٹینٹس پہنچائے جاتے اور میں نے پہلے دن یہ مشورہ دیا ضلعی انتظامیہ کو کہ آپ ایسا کریں کہ جو نقصانات ہوئے ہیں، وہ تقریباً بائیس تئیس پارٹس ایسے ہیں جہاں سے پورے اس ایریا کو وہ Cover کر سکتے ہیں، آپ سیدھا By Air جائیں نا، وہ پی ڈی ایم اے اور این ڈی ایم اے وہاں سے ٹینٹس بھیج رہے ہیں اور سوات میں لوڈ ہو رہے ہیں، پھر الپوری میں لوڈ ہو رہے ہیں، پھر وہ یو سی پر پہنچتے ہیں، پھر وہ پہاڑوں کے ٹاپ پر پہنچتے تھے، اس سے بہترین طریقہ یہ ہے کہ آپ ایئر سروس کا وہ بندوبست کریں، سیدھا ٹاپ پہ جائیں، وہاں پہ خالی کریں اور اس طریقے سے ان کو مطلب جو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، وہ کم ہو جاتیں، بعد میں اس پر عمل تو نہ ہو سکا لیکن آرمی کا بھی بہت مشکور ہوں، بریگیڈئر طاہر صاحب کا کہ انہوں نے کافی بعد میں اس پہ عمل کیا لیکن عمل کیا اور ایئر سروس شروع کی گئی، تو اس میں میرے کہنے کا مقصد یہ ہے سپیکر صاحب! کہ اس دوران پی ڈی ایم اے، این ڈی ایم اے بالکل ناکام ادارے ہیں، بالکل غیر فعال، ابھی سمجھ نہیں آرہا ہے کہ ان کا کام کیا ہے یا ان کی ذمہ داری نہیں ہے یا ریلیف کی جو Activities ہوتی ہیں، میں تو سمجھتا ہوں چار دفعہ سپیکر صاحب! سروے فارمز جو ہیں وہ چینج کئے گئے۔ ایک دن سروے ہوا، یہ فارم ہے، اس میں یہ کمی ہے، کل وہ سروے دوبارہ کرنا ہے، دوسرا فارم لایا گیا، تیسرا فارم لایا گیا، اس میں یہ کمی ہے، اس میں یہ کوسچن Add کیا گیا ہے، اس میں یہ معلومات لی گئی ہیں، چوتھے دن جو ہے، تو میرے خیال سے یہ پی ڈی ایم اے کی ذمہ داری بنتی ہے، اگر نہیں بنتی تو حکومت کی تو ذمہ داری ہے، ان کو ٹھیک ٹھاک تیار رہنا چاہیئے۔ سیلاب آئے، اس میں Cities کی یہ پوزیشن ہوتی ہے، پہاڑوں میں یہ پوزیشن ہوتی ہے، زلزلے آئیں تو زلزلے میں یہ ہوتا ہے، وہاں پہ روڈز نہیں ہیں، تو میرے خیال سے باقاعدہ ان کو جو ہے Mapping از سرنو، ان کی تنظیم نو کی جانی چاہیئے کہ آئندہ اگر کوئی زلزلہ یا سیلاب وغیرہ آئے تو اس طریقے سے یہ ہر دم تیار رہیں۔ سپیکر صاحب! سیلاب، زلزلہ، آفتیں، مصیبتیں، یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں، اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ اس میں انسان بالکل بے بس ہے، انسان کے بس کی بات نہیں ہے لیکن بہترین جو ہے کیا کہتے ہیں حکمت عملی اور وسائل کا بہترین استعمال جو ہے، وہ نقصانات کو کئی حد تک کم کر سکتا ہے، تو اگر ہم پیچھے جائیں، یہ تو ابھی حالیہ زلزلہ آیا، میں اگر شانگلہ کی بات کروں تو گزشتہ دس بارہ تیرہ سالوں میں آپ دیکھیں جب وہ طالبانائزیشن کا دور آیا تو شانگلہ پر ان کا قبضہ ہوا، الپوری جو ہیڈ کوارٹر ہے، وہاں پر طالبان

رہے، لوگوں کو کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ پھر جب ملٹری آپریشن ہوا، اس میں بھی مطلب لوگوں کے گھروں کے Damages میں ان کو جو مشکلات ہوئیں، وہ ٹھیک ٹھاک تکلیف میں رہے۔ پھر 2005 کا تباہ کن زلزلہ آیا، اس میں ہمارے جو سکولز گرے ہیں، ابھی تک ان کی تعمیر نہیں ہو سکی، 2005 کے زلزلے میں جو سکولز گرے ہیں، ان کی تعمیر نہیں ہو سکی، تو ہم کیا توقع رکھیں کہ حکومت کی ابھی کیا ذمہ داری بنتی ہے؟ اگر وہ سکولوں کی تعمیر کرتی ہے یا ابھی جو ہمارا کچھ ہوا ہے، اس حوالے سے اگر 2010 کا سیلاب دیکھیں آپ، سپیکر صاحب! میں اس ایوان میں یہاں پہ اٹھا اور میں نے بات کی، منسٹر صاحب نے وہاں سے جواب دیا، داموڑی ایک یونین کونسل ہے، وہاں کا پرائمری سکول، وہاں کا ہائی سکول، وہاں کا مڈل سکول، وہاں بیسک ہیلتھ یونٹ، وہ سیلاب میں بہہ چکے ہیں، یہاں پر منسٹر صاحب نے کہا کہ بس بہت جلد سے جلد ہم بندوبست کر رہے ہیں، اس کی تعمیر ہو جائے گی اور آج تک ان سکولوں کا، ان بیسک ہیلتھ یونٹ کا ایک یو سی کے اندر، اس کی وہ زمین کی خریداری کا یا اس کی زمین کا ابھی تک بندوبست بھی نہیں کیا جا سکا۔ تو سپیکر صاحب! میری گزارش ہے کہ جو Damages ہیں، شکایات ہیں، جو مسائل ہیں، ان پہ ٹھیک ٹھاک سنجیدگی سے غور کیا جانا چاہیئے، وہاں پہ جو مشکلات ہیں، میں اگر سروے کے اس کے حوالے سے بتاؤں تو "ولا ہر کور" ایک گھر ہے، پہلے تو یہ ہے کہ جس کا گھر Damaged ہے، جو اصل متاثر ہے، اس کا تو لسٹ میں بھی اس کا نام نہیں آیا، جو اس کے پاس میں جو گھر ہے، جو بالکل ٹھیک ٹھاک ہے، اس کو نقصان نہیں پہنچا، اس کو چیک دے دیا گیا ہے۔ وہ گھر جو آپ کو باہر سے ٹھیک لگتا ہے، یہ گھر بہت زیادہ ہیں سپیکر صاحب! ٹھیک ٹھاک مطلب لوگ تکلیف میں ہیں، حکومت کو چاہیئے کہ وہ اس کے بارے میں کوئی حل نکالے۔ اگر آپ اس کے گھر کے اندر جاتے ہیں، میں گیا ہوں کافی گھروں کے اندر، تو اس کی جو ڈی پی سی ہے، وہ تین تین چار چار فٹ زمین کے اندر چلی گئی ہے، اگر ان کے Pillars ہیں، Beams جو ہیں، اپنی جگہ سے ہٹ گئے ہیں۔ تو یہ گھر کو گرانا دوبارہ تعمیر کرنا، چاہیئے یہ کہ اس کو متاثرہ جو لسٹ ہے، اس میں ان گھروں کو شامل کیا جائے۔ جناب سپیکر! دو لاکھ روپے کے حوالے سے بھی میرے ممبران صاحبان نے بھی بات کی کہ جو معاوضہ دو لاکھ روپے، یہ بالکل، یہ بالکل نامنظور ہے، دو لاکھ روپے میں تو کچھ بھی نہیں ہو سکتا، کل میرے ایک عزیز دوست نے کہا، سکول کی مثال دی کہ ایک کمرہ سات آٹھ لاکھ روپے میں بنتا ہے

تو دو لاکھ روپے میں وہ کیا گھر بنائے گا؟ تو یہ درخواست ہے کہ معاوضے کو بھی مطلب زیادہ سے زیادہ کیا جائے، کم از کم میرے خیال سے آٹھ آٹھ لاکھ روپے جو ہیں، وہ کسی حد تک ان کی وہ کر سکتے ہیں۔ سپیکر صاحب! اس دوران جعلی متاثرین کے خلاف ٹھیک ٹھاک کارروائی ہونی چاہیئے، ایسے لوگ مطلب جو متاثرین کے زخموں پر نمک پاشی کر رہے ہیں، ان کے گھر گرے ہیں، ان کا حق یہ لے رہے ہیں تو ان کے خلاف ٹھیک ٹھاک کارروائی ہونی چاہیئے، جو کارروائی ابھی جاری ہے یہ ٹھیک نہیں ہے۔ وہ ناظمیں بیچارے تو بھاگ رہے ہیں، اگر ویلج کونسل کا ناظم ہے، اگر اس کا ناظم ہے جنہوں نے سروے کیا ہے، میرے خیال سے وہ اس کے ذمہ دار ہیں۔ اگر وہ ضلعی انتظامیہ ہے، اگر وہ پٹواری ہے، یہ شکایات عام ہیں کہ پٹواری نے تیس ہزار روپے لئے ہیں، بیس ہزار روپے لئے ہیں اور ہم سے چیکس لکھوائے گئے ہیں، یہ تو ہر ایک کے اس میں ہے۔ ابھی بھی آپ دیکھیں تو میرے خیال سے پانچ چھ، سات دنوں سے الپوری میں، وہاں پہ ڈسٹرکٹ شانگلہ میں ہڑتال جاری ہے اور ہمارے پاس کوئی جواب نہیں ہے کہ ہم اس کا کیا حل کر سکیں؟ تو میرے خیال سے جو دوبارہ سروے، سروے کا عمل جاری بھی رکھا جائے، ازسرنو بھی کیا جائے کیونکہ اگر دیکھا جائے تو اس میں جو متاثرین رہ گئے ہیں، ان کی بھی وہ نشاندہی بھی ہو جائے گی اور جو جعلی متاثرین ہیں، کم از کم وہ سامنے آجائیں گے۔ تو سپیکر صاحب! بس یہ میری درخواست ہے، ریکویسٹ ہے کہ جو متاثرہ روڈز ہیں، جو واٹر سپلائی سکیمیں ہیں، وہ اگر ہمیں بتائے جائیں ڈسٹرکٹ وائز کہ مطلب یہ ہے کیونکہ ابھی بھی میں وہ کافی وہاں پہ دیکھ رہا ہوں، جانا پڑتا ہے ہمیں، وہاں پہ جا رہے ہیں تو کہیں پہ وہ روڈز جو ہیں، سلائیڈنگ اوپر سے آئی ہوئی ہے اور روڈز بند ہیں، جہاں پہ کہیں وہ جو روڈز جو ہیں، وہ نیچے سے بالکل ان کا نقشہ ہی بدل گیا ہے، توا ن روڈوں کے بارے میں حکومت نے، میرے خیال سے ایک مہینے سے زیادہ کا عرصہ گزر چکا ہے تو اب تک حکومت نے ان روڈز کیلئے کیا کیا؟ یا ابھی آگے جو مسائل آرہے ہیں سکیموں کے حوالے سے، جو سکیمیں Damaged ہیں، پانی کا مسئلہ آرہا ہے، اب تک حکومت نے اس سلسلے میں کیا کیا ہے؟ تو میرے خیال سے ہمیں ہمارے اس ایوان کے نوٹس میں لانا چاہیئے۔ تو سپیکر صاحب! یہ میری گزارشات ہیں، یہ میری درخواست ہے، میرے خیال میں۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ، رشاد خان۔ مفتی فضل غفور! مفتی فضل غفور، پلیز۔

مولانا مفتی فضل غفور: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریه جناب سپیکر۔ په 26 اکتوبر باندې په صوبه خیبر پختونخوا، بالخصوص په ملاکنډ ډویژن باندې یو ځل بیا هغه قیامت خیز زلزله راغله چا چې د ډیرو سترګو نه اوښکې اوبیولې او د ډیرو خلقو نه ئې د خپل غیږې بچی واخستل، د خلقو ئې کورونه وران کړل۔ جناب سپیکر! پکار دا وه نن 27 نومبر باندې چې په دې باندې ډیبیټ کیږی یوه میاشت پس، چې فوری طور په هغه وخت باندې د اسمبلئ اجلاس راغوښتلے شوے وے، د اپوزیشن نه خو تاسو د اجلاس ریکوزټ کولو هغه حق اخستے دے جناب سپیکر! خو کم از کم تاسو سره چې کوم اتهارټی او کوم اختیار دے نو چې په هغې باندې تاسو فوری طور دا اجلاس راغوښتلے وے، بهرحال دیر آید درست آید، بیا هم مناسب ده، کومې کمئ کوتاهئ چې د دې ریلیف په دوران کښې شوې دی، پکار دا ده چې د حکومت په نوټس کښې را اوستلې شی او مستقل منصوبه بندی د هغې د پاره اوکړے شی۔ جناب سپیکر! زه په دغه وخت د ډی سی صاحب آفس کښې په یو میټنګ کښې ووم او چې څه رنګې زلزله راغله، د زلزلې نه فوری طور وروستو هغه میټنګ مونږه ختم کړو او ما ډی ایچ کیو هسپتال ته ځان رااورسولو۔ جناب سپیکر! زه د حکومت توجه غواړم، د بونیر ډسټرکټ هیډکواټر هسپتال باندې درې اضلاع Depend دی، ضلع شانګله، ضلع تور غر او ضلع بونیر۔ سپیکر صاحب! هغه لاس ماتی او پښه ماتی خلق، د هغوی چغې او کوکارې دا نن هم زما نه هیریږی او زه په فلور آف دی هاؤس باندې دا خبره کوم چې زه کله اورسیدم سپیکر صاحب! زمونږ انتضامیه موجود وه خو زما په هسپتال کښې د پټئی کولو د پاره مالوچ نه وو، زما په ایکسرے روم کښې د ایکسرے فلمونه ختم وو۔ جناب سپیکر! د بجلئ خو داسې حال دے، ټرانسفارمر ئے Damage وو، فوری طور چې مونږ څه کولے شو، د ډی ایچ او صاحب سره مو رابطه اوکړله، هغه وئیل چې زه صرف As a reporter دلته ناست یم، ما سره هیڅ اتهارټی هیڅ اختیار نشته دے او زما نه صوبائی حکومت Marlin نامی این جی او ته ټوټلی اختیارات دا شفټ کړی دی۔ جناب سپیکر، د Marlin کوآرډی نیټر سره مو رابطه اوکړله چې جنابه! د زلزلې نه وروستو چې دلته کوم کیجولټیز شوی دی، خلق ډیر د تکلیف په حالت کښې دے، هغه وئیل د

حکومت سره زمونږ ایګریمنټ ختم دے ، زه څه نشم کولے۔ سپیکر صاحب، ډیره لویه د افسوس خبره وه، ما د آرمی نه په هغې کښې تعاون اوغوښتو د فرسټ ایډ د پاره، زه د هغوی شکریه ادا کوم چې هغوی مونږ ته ایمبولینس هم راکړو، د فرسټ ایډ د پاره چې څومره هم میډیسنز دی، ډاکټرز دی، هغه ئے مونږ ته راکړل او د خپل پاکټ منی نه مونږه په هغه ورځ باندې هغلته د مالوچو، د پټئی، د ایکسرے فلمونو وغیره بندوبست اوکړو۔ بیا جناب سپیکر! دا خبره به دې باندې ریکارډ وی چې په 135 Seriously injured ، نهایت زخمی کسانو کښې د یو کس آپریټ کول په ډسټرکټ هیډکوارټر هسپتال بونیر ډګر کښې، دا څوک نشی ثابتولے ، هغه ټول د هغه ځائې نه ریفر شو او زه د هغوی هغه ریفرسلپ، هغه چې کوم دے نو دې فلور ته راؤړلے شم چې ولې په لاره باندې د ډیر Bleeding د وجې نه په هغې کښې وفات شو۔ جناب سپیکر صاحب، زمونږه محکمه صحت مونږ په هغې کښې ایمرجنسی لګولې ده، دا کومه ایمرجنسی ده؟ په هسپتال کښې دوایانې نشته دے ، پټئی نشته دے ، د هسپتال بجټ دغه شان پروت دے ، 14 کروړ روپئ زمونږ د ډی ایچ کیو بجټ پروسږکال چې کوم Marlin ته Handover شوے دے ، د هغې هیڅ Output نشته۔ جناب سپیکر! مونږه بار بار په فلور باندې دا خبره راپورته کړله، د هغې هیڅ قسم مداوا نه کیږی او نن هم جناب سپیکر، د یو ټریفک ایکسیډنټ د وجې نه یو کس، هغه وفات شو او د جوور چې کوم زمونږه هسپتال دے ، هغې ته یوړلے شو، په هغې کښې ډاکټر نه، په هغې کښې ایمبولینس ولاړ خو ډرائیور پکښې نه وو، تر اوسه پورې د بونیر او د سوات روډ بلاک دے ، جناب سپیکر! ټوله ورځ خلقو هغه لاش په روډ باندې ایښے دے ، په هغې احتجاج کوی۔ ما نن ورځې د خپل ډی ایچ او سره رابطه کړې ده، هغه وائی زه As a reporter دلته ناست یم، Marlin سره رابطه اوکړه، Marlin سره مې رابطه اوکړه، هغه وائی زمونږ ایګرینمټ ختم دے ، ما سره اختیار نشته دے۔ جناب سپیکر! دا قوم چا ته اوژاړی؟ دا خو زمونږ د روټین معاملات دی، نو چې بیا کله زلزله را شی او په هغې کښې مونږ خلقو ته ریسکیو او ریلیف ورکوؤ، دا به مونږ څنګه ورکوؤ چې زما په هسپتال کښې میډیسنز نه وی؟ جناب سپیکر، ډیره لویه د افسوس خبره ده او بیا د هغې نه وروستو زه

شاباش ورکوم صوبائی حکومت ته، زه شاباش ورکوم خپل ډسټرکټ ایډمنسټریشن ته چې متاثرینو ته په هغه کیش پیمنټ کښې کوم دوئ کوئیک ریسپانس ورکړے دے ، جناب سپیکر! مونږ د حکومت ښو ته ښه وایو خو د حکومت بدو ته به بد وایو ځکه دا بچی دا زما بچی دی، دا ستا بچی دی جناب سپیکر، او زه بالخصوص خپل ډپټی کمشنر جناب خائسته رحمان صاحب ته خراج تحسین پیش کوم چې په کومه ورځ باندې چیف منسټر صاحب هغه کیش پیمنټ، د هغې اناؤنسمنټ اوکړو، په هغه ورځ باندې هغه د خپل اکاؤنټ نه پیسې رااوباسلې، حکومت ورته لا پیسې نه وې ریلیز کړې او هغوی هغه متاثرینو ته هغه معاوضات جناب سپیکر! دا ئے ورته ورکړل، خو کم از کم په دې باندې خو مو زړه خوګیږی چې دا په دغه ځائې کښې دا لاس ماتی او ښه ماتی خلق، دا چې هسپتال ته راؤړلې شو نو بچے چې څوک بهر په سپیره باندې اووهی، دے مور له راشی، هغه ریاست ته په ژړا شی، عوام ریاست ته خپله ژړا مخې ته کوی، ریاست هغلته شته دے نه جناب سپیکر، هغلته د هسپتال د هغې صورتحال دا ډیر لوئې قابل افسوس دے۔ زه حکومت ته دا درخواست کوم چې هغوی په دې باندې جناب سپیکر! فوری طور چې کوم دے نو هغه په دې باندې توجه ورکړی او بیا جناب سپیکر! نن هم دا رسه کشی شروع ده زمونږ په Marlin او د هیلتھ ډیپارټمنټ تر مینځه، ستاسو په نوټس کښې دا خبره جنا ب سپیکر! راولم، یو بل طرف ته چې کوم دے نو زور کوی، وائی اختیار د هغه سره دے ، بل هغه چې کوم دے نو ډیپارټمنټ طرف ته زور کوی، وائی زما سره اختیار نشته دے ، زما ایګریمنټ ختم دے ، دا ډیره لویه د افسوس خبره ده، دې طرف ته توجه ورکول پکار دی۔ جناب سپیکر، بیا د هغې نه وروستو چې کوم Assessment اوشو، سروے اوشوله، یقیناً په هغې کښې کمے شته دے ، ډیر Partially damaged کورونه وو چې هغه با لکل په Assessment کښې شامل نکړلې شو، د هغوی د پاره دوباره سروے پکار ده او فوری طور پکار ده چې هغه خلقو ته ریلیف ملاؤ شی۔ د ریلیف چې کوم پیکج دے ، دا با لکل ناکافی دے۔ ما هغه بله ورځ اخبار کښې اوکتل چې مخکښې ورځو کښې ډیبیټ کښې دلته په فلور باندې زمونږه یو محترم ایډوائزر صاحب د تیر وخت حواله ورکړله چې په فلانکی وخت کښې چې

زلزله راغلې وه، هغه وخت کښې دومره چې کوم دے نو Aid ورکولے کیدو، جناب سپیکر! په هغه وخت کښې زما د کرنسی Face value څه وه، نن زما د کرنسی Face value څه ده؟ ته دا 2007 د 2015 سره Compare کوې، دا 2007 کښې د یو لاکھ روپو څومره، په هغې څومره کار کیدو او په 2015 کښې پرې څومره کار کیږی؟ دا غلطه خبره ده جناب سپیکر! چې کم از کم مونږ د گورنمنټ په کھاته کښې د یوې کمرې د جوړولو د پاره کوم Estimate لګوؤ، پکار دا ده چې کم از کم په دې کیش پیکج کښې مونږه کم از کم د هغې یوې کمرې د هغې مناسب هغه خو چې کوم دے نو هغه شامل کړو او بیا جناب سپیکر! زه عرض کوم جی، زمونږ ملاکنډ ډویژن دا په کوه هندوکش رینج باندې واقع دے، دلته چې کوم دے د دې د پاره ماهرین دی، ایکسپرټس دی، د هغوی مطابق، هغوی وائی وقتاً فوقتاً دلته د زلزلو جھټکې راتلې شی، پکار دا ده چې د پی ډی ایم اے کوم دلته مرکزی دفتر دے، د هغې یو برانچ هغه په ډویژنل بیس باندې هم چې کوم دے نو جوړ کړے شی او هغې ته بهترین Equipments دا ورکړے شی، هغې ته ایمبولنس ورکړے شی، هغې ته د میډیکل، د هغې آپریشن د پاره ډاکټرز چې کوم دے نو Provide کړے شی، هغې ته مختلف قسم چې کوم دے نو کسان، رضا کار Provide کړے شی۔ پکار دا ده چې هغوی د هنګامی صورتحال نه د بچاؤ د پاره هغوی فوری طور هغه ځائې ته رسیدلې کیږی او د هغوی Access هغلته چې کوم دے نو ممکن وی۔ نه خو زمونږه د پی ډی ایم اے سره سټاف شته، نه د هغوی سره Equipments شته جناب سپیکر! نه د هغوی سره څه داسې سورسز شته چې هغه فوری طور خلقو ته ریلیف ورکولې شی، لهذا زما به دا ګزارش وی چې په دې باندې۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: شکریه فضل غفور صاحب۔ ډاکټر حیدر صاحب، هغې نه پس محمد علی باچا، بیا شاه فرمان خان۔ ډاکټر حیدر علی!

<u>*ڈاکٹر حیدر علی (پارلیمانی سیکرٹری برائے انسداد رشوت ستانی و صوبائی معائنہ ٹیم)*</u>: شکریه جناب سپیکر صاحب، ډیره مننه چې تاسو په دې دومره اهم موضوع باندې نن د بحث اجازت ورکړو۔ جناب سپیکر صاحب! قدرتی آفتونه په ټوله دنیا کښې راځی او بیا پاکستان خو خصوصاً د زلزلې په هغه زون کښې دے کوم ځائې چې مسلسل د

ډیر وخت نه دلته زلزلې راځی او بیا سیلابونه او نور قدرتی آفتونه، خو دا کومه زلزله چې په دا لنډ وخت کښې راغلې ده، کوم باندې چې بحث شروع دے، زه په دې نه چې په حکومتی بنچ باندې ناست یمه او هسې دفاع کوم خو دا یو حقیقت دے ځنګ چې مولانا صاحب اومنله چې د پاکستان په تاریخ کښې په دومره لږ وخت کښې فوری ریلیف د یو قدرتی آفت نه وروستو نه دے ملاؤ شوے، زه هم د هغې علاقې سره تعلق لرم کومه کښې چې دا زلزله راغلې ده او په هغه ورځ باندې زه موجود ووم په سوات کښې، فوری طور هسپتال ته تلے ووم او د هسپتال، زه مننه کوم د هیلتھ ډیپارټمنټ چې په هغه هسپتال کښې ټول سټاف موجود وو، پیرا میډیکس، ډاکټرز، دوایانې هم موجود وې، د ایمرجنسی هم ضرورت نه وو خو یو مسئله وه چې بجلی نه وه، انسوټی ګیشنز نشو کیدے، ایکسرے نشو کیدے، سی ټی سکین نشو کیدے او د بجلئ نظام چې وو هغه هم د زلزلې په وجه درهم برهم شوے وو، چې کله بجلی راغله نو بیا ورسره ټرانسفارمر لاړ خو بهرحال پاک فوج هم مونږ مننه کوؤ چې هغوی په هغه ایمرجنسی کښې زمونږ سره اوږه په اوږه ولاړ وو. په داسې صورتحال کښې غلطئی کیږی، فوری طور ریلیف ملاؤ شوے دے، د Rehabilitation د پاره کار شروع دے خو زه دا خبره کوم چې زما په یو تحصیل کښې چې کله Initial survey اوشوه، دوه نیم سوه کورونه وو او چې بیا دوباره آرمی پکښې Involve شوه او دوباره سروے اوشوه نو د هغه کورونو تعداد نهنیم سوؤ ته رسیدلے وو. په دیکښې تقریباً یوه هفته وخت تیر شوے وو خو په دغه یوه هفته کښې د زلزلې بله جھټکه نه وه راغلې، تر ننه پورې کورونه ورانیږی او په هغه تعداد کښې اضافه کیږی، زرګونو ته هغه کورونه اورسیدل. یو خو زمونږ دا یو عادت جوړ شوے دے چې خدائے پاک په مونږ باندې دا یو احسان اوکړو چې زمونږ کورونه ئے Spare کړل، هغه تباه نشو خو مونږ ځنې خلقو پخپله باندې هغه کورونه خپل ورانول شروع کړی دی او تر اوسه پورې هغه سلسله روانه ده. د دې د پاره خو که د ټولې دنیا امداد راشی، زما په خیال لږ خو مونږ له هم خپله اصلاح پکار ده چې کله قدرتی آفت راشی چې په چا باندې نه وی راغلې، پکار ده چې هغه د هغه نورو سره اودریږی چې په چا تکلیف وی. زمونږ مسئله دا ده

چې کوم مستحق وی، هغه په ځائې پاتې شی او زمونږه نور خلق داسې معتبر خلق راځی او هغه خپل خلق په سیاسی بنیادونو باندې مخکښې کوی خو دا کریډټ به زه نه یواځې صوبائی حکومت ته ورکوم، په دیکښې مرکزی حکومت، په دیکښې پاک فوج، په دیکښې زمونږ مقامی حکومتونه هغوی ډیر په ایماندارئ سره دغه سروے کړې ده، سر ته ئے رسولې ده خو زما به یو ریکویسټ دا وی چې کله مونږ په داسې ریجن کښې اوسیږو او په دې ملک کښې بار بار دا ناګهانی آفتونه راځی نو ډیزاسټر کښې Risk Management Measures چې دی، پکار ده چې هغه مونږ واخلو، زمونږ دلته کښې مثلاً بلډنګ کوډ نشته، زمونږ این ډی ایم اے او پی ډی ایم اے د هغه تیرې زلزلې نه بعد په نوم باندې اداری موجودې دی، د هغې دومره Capacity نشته چې په داسې ایمرجنسی کښې هغه خپل کار سر ته اورسوی۔ یو خو دغه اپ ګریډیشن پکار دے چې که این ډی ایم اے دے او که پی ډی ایم اے ده چې هغه اوکړو، مونږ دلته بلډنګ کوډ ډیویلپ کړو ځکه چې دومره زلزلې راځی، پکار ده چې په هغې کښې په یو خاص طریقه باندې بیا خلق آبادی کوی، زمونږ هغه طریقه هم نشته۔ مونږ ریکویسټ کړے وو ورلډ فوډ پروګرام ته په شانګله کښې، مونږ د هغوی مننه کوؤ، هغوی خپل کار شروع کړے دے او په Rehabilitation کښې خپل یو مؤثر کردار ادا کوی۔ نن وزیر اعلیٰ صاحب اجازت ورکړو، د این او سی د پاره ئے اوویل پی ډی ایم اے ته چې هغه دائره کار مونږ د دغې ادارې نورو ضلعو ته هم خور کړو، ملاکنډ ډویژن کښې چې څومره هم نقصانات شوی دی، دغسې مونږه انټرنیشنل چې نورې کومې ادارې دی، هیلپ کول غواړی، هغوی ته مونږ خواست کوؤ چې هغه راشی، هغه مونږ سره په دې کار کښې امداد اوکړی خو دا خبره زه یو ځل بیا کوم، ERRA جوړه شوه او PERRA جوړه شوه، تر اوسه پورې بټګرام وران دے، تر اوسه پورې هغه سکولونه لا نه دی جوړ، مونږه چې په دې دور، په دې لږ وخت کښې څومره کار کړے دے، زما په خیال هغه حوصله افزا دے۔ په دیکښې به غلطیانې هم شوې وی، په دیکښې به ځنې قصداً شوې دی ځنې پکښې د خلقو د خطا نه هم شوې دی، په هغې باندې هم کار روان دے چې جعلسازی پکښې کومه شوې ده، د هغې د مخ نیوے اوشی۔ یو

سروے کہ بلہ اوشی او پہ ھغې کښې کوم خلق مستحق پاتې شوی وی، زما پہ خیال دا بد تجویز نہ دے ، پہ ھغې باندې د کار اوشی۔ ډیرہ مننہ۔

جناب سپیکر: محمد علی شاہ باچا! محمد علی شاہ باچا!

سید محمد علی شاہ: ډیرہ مھربانی، جناب سپیکر صاحب۔ تقریباً درې څلور ورځې پہ زلزلې باندې بحث اوشو جی او Repeat کول نہ غواړم خو یو څو تجاویز یا مونږہ چې پہ کوم خپلہ حلقہ کښې اوګرځیدو او فوری چې کوم حل طلب یو څو ایشوز دی نو ھغہ زہ د حکومت وړاندې، ھغوی تہ وینا کول غواړمہ۔ جناب سپیکر! چې کوم Compensation ګورنمنټ د Damages پہ دغہ کښې ایښے دے ، یو Fully damage دے او یو Partially damage دے ، د Fully damage د پارہ جناب سپیکر صاحب! دوہ لاکھہ روپئ او د Partially damage د پارہ یو لکھ روپئ دی۔ چې کوم مشکلات مونږ تہ مخامخ راغلل او ھغہ خلقو نہ مونږہ تپوسونہ اوکړل چې کوم کورونہ جناب سپیکر صاحب! پورہ کریک شوی دی او ھغہ یا کیدے شی چې پہ بارانونو کښې یا پہ سیلاب کښې ھغہ اوغورځیږی، نو جناب سپیکر صاحب! ھغہ ئے پہ Partially damaged کښې اخستی دی او چې یو کور کریک شی او کمرہ کریک شی نو زما پہ خیال ھغہ بہ Demolish کوئ او بیا بہ ئے دوبارہ جوړوئ، نو پکار دہ، زما د ګورنمنټ نہ ریکویسټ دے چې یرہ کم از کم کریک کور چې کوم وی، ھغہ پہ Fully damaged کښې راولی جناب سپیکر صاحب! او دویمہ چې کوم ډاکټر صاحب خبرہ اوکړہ د سروے پہ بارہ کښې، دا سروے تقریباً ټولہ پہ یو Hurry کښې شوې دہ، ډیر کورونہ داسې شتہ چې اوس ھم ھغہ Damaged دی، Fully damaged دی یا Partially damaged دی خو کم از کم ھغہ چیکونو نہ پاتې شوی دی، نو زما دا ریکویسټ دے د ګورنمنټ نہ چې دې سروے کښې لږ ایکسټینشن اوکړی او چې کوم کورونہ پاتې شوی دی، Proper survey د اوکړی او ھغہ کورونہ د جناب سپیکر صاحب، پکښېInclude کړی۔ دریمہ خبرہ چې کوم زمونږہ دې وړور خبرہ اوکړلہ د روډز پہ بارہ کښې، د ډسپنسریانو پہ بارہ کښې، سکولونہ چې کوم Damage شوی دی نو زما پہ خیال د ھغې د پارہ د ګورنمنټ څہ پالیسی واضح شوې نہ دہ نو پکار دہ چې د روډز پہ بارہ کښې یا د کالجز سکولز پہ بارہ کښې، د ډسپنسریانو

په باره کښې چې کوم د دې زلزلې نه Damage شوی دی، پکار ده چې هغه پالیسي مونږ ته ګورنمنټ واضح کړی او اخره کښې زه د پی ډی ایم اے، ما مخکښې هم چې کوم وخت کښې چې په چترال کښې سیلاب راغلے وو، ملاکنډ ډویژن کښې، ما په هغه سپیچ کښې هم خبره کړې وه جناب سپیکر صاحب! چې پی ډی ایم اے آفسز پکار ده چې مونږه په ډویژنل هیډکوارټر کښې Full-fledged offices پکار دی، پیښور کښې په لکھونو کروړونو روپئی تنخوا ګانې اخلی او چې زلزله راشی او سیلاب راشی او د هغې ځائې ته د پیښور نه رسی، هغه چترال ته په لسو ورځو کښې د پی ډی ایم اے کسان نشی رسیدے، روډ بند وی یا نور داسې مشکلات ورته وی، نو کم از کم زما دا یو ریکویسټ دے چې په هر ډویژنل هیډکوارټر کښې چې څنګه آفس په پیښور کښې دے، پکار ده چې داسېFull-fledged offices په هر ډویژنل هیډکوارټر کښې د پی ډی ایم اے جوړ شی۔ نو زما دغه یو څو خبرې وې، Repeat کول نه غواړم، ډاکټر صاحب خبره اوکړه چې بعض ملګری پخپله کورونه غورځوی نو زما په خیال چې د یو لاکھ روپو د پاره یا دوه لکھو روپو د پاره نه څوک کورونه غورځوی، دا هسې به دوئ ته چا څه دغه کړے وی، نو زما هم دغه ریکویسټ دے چې کوم بحث اوشو، دلته په اسمبلئ کښې ایم پی ایز تجاویز وړاندې کړل نو په هغې باندې د حکومت فوری ایکشن واخلی۔ ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: جی ډاکټر نه پس بیا شاه فرمان خان، شاه فرمان خان، پلیز۔

سردار ظہور احمد: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: سردار صاحب! میرا خیال ہے ٹائم بہت شارٹ ہے، ابھی پانچ منٹ باقی ہیں نماز کیلئے۔۔۔۔

سردار ظہور احمد: جناب! صرف ایک دو منٹ بات کرنی ہے۔

جناب سپیکر: بس ایک منٹ، دو نہیں ایک منٹ، ایک منٹ۔

سردار ظہور احمد: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ بہت شکریہ جناب سپیکر۔ زلزلے طوفان اور سیلاب کے حوالے سے تفصیلاً تمام دوستوں نے بات کر لی ہے لیکن جس طرح محمد علی شاہ باچا نے بات کی ہے کہ ہمیں ہنگامی طور پر پی ڈی ایم اے کو از سر نو ترتیب، اس کو نئے سرے سے ترتیب دینے کی ضرورت ہے۔ ڈویژنل

سطح پر تو انہوں نے کہا، میں یہ سمجھتا ہوں کہ پی ڈی ایم اے ہر ڈسٹرکٹ سطح پر ہونا چاہیئے، اس کی وجہ یہ ہے کہ گزشتہ جو طوفان آئے ہمارے صوبے میں، چاہے وہ ہوا کا طوفان تھا یا بارشوں سے جو سیلاب آئے یا اسی طرح زلزلہ آیا، تو ابھی تک وہ بارشوں سے جو تباہی ہوئی، انفراسٹرکچرز تباہ ہوئے، گھر تباہ ہوئے، ان لوگوں کو بھی ریلیف نہیں مل سکا اور اسی طرح جو ایک اور چیز سامنے آئی کہ، مکانات تو ٹھیک ہے اپنی جگہ، مکانات اگر تباہ ہو گئے یا رہنے کے قابل نہیں، ان کو ریلیف مل رہا ہے۔ اسی طرح فارمز ہیں، فش فارمز ہیں، پولٹری فارمز ہیں، اس طرح میرے سامنے بھی کئی ایسی مثالیں آئیں کہ ایک پولٹری فارم اگر تباہ ہو گیا تو اس کے اندر کوئی ایسا قانون نہیں ہے کہ اس کو ریلیف مل سکے، اس کیلئے بھی قانون سازی ہونی چاہیئے۔ اسی طرح آفت آتی ہے، اگر کسی کے گھر کو آگ لگ جاتی ہے تو اس کیلئے پی ڈی ایم اے کے اندر ایسا کوئی ریلیف نہیں ہے، ڈی سیز صاحبان کہتے ہیں کہ آگ سے اگر کچھ تباہی ہو جاتی ہے تو اس کا ہم کچھ نہیں کر سکتے، اس کے اندر بھی ترامیم لانے کی ضرورت ہے۔ میری یہ تجاویز ہیں کہ اس کو ضلعی سطح پر لایا جائے اور دوسرا اگر ایمرجنسی ہوتی ہے، پچھلی جو ہماری حالیہ بارشیں ہوئی ہیں، اس میں ہمارے پاس ایمرجنسی میں کچھ بھی نہیں تھا ڈسٹرکٹ میں حالانکہ پیسے پڑے ہوئے تھے لیکن ان کو Allow نہیں تھا۔ ڈی سیز صاحبان یا متعلقہ وہاں کے ریلیف سے Related جو ہمارے ڈیپارٹمنٹس ہیں، ان کے پاس کسی قسم کا کوئی اختیار نہیں تھا کہ وہ خرچ کر سکیں اور جب ہم بات کرتے تھے، وہ کہتے تھے ایم اینڈ آر سے خرچ کیا جائے، تو ایم اینڈ آر میں بھی اتنا فنڈ نہیں ہوتا۔ ابھی پچھلے دنوں، ہمارے انفراسٹرکچرز تباہ تھے، ایم اینڈ آر سے ایک دو چیزیں دیکھنے میں سامنے آئیں کہ ایم اینڈ آر کی رقم بھی نئی سکیموں پر خرچ ہو رہی ہے۔ میری یہ استدعا ہے، ذرا اس طرف بھی غور کیا جائے کہ ایم اینڈ آر کے پیسے جو Maintenance and repair کیلئے ہیں، روڈز کیلئے ہیں، انفراسٹرکچر کیلئے ہیں، اس کو نئی سکیموں پر خرچ نہ کیا جائے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ جی، شکریہ۔

سردار ظہور احمد: اور دوسری، ایم اینڈ آر کے پیسے پی ڈی ایم اے کی جگہ استعمال ہوئے، وہ پیسے پی ڈی ایم اے نے دینے تھے ریلیف کیلئے لیکن ایم اینڈ آر کے پیسے Use ہوئے۔ ہم یہ چاہتے ہیں کہ کم از کم پی ڈی ایم اے

ڈسٹرکٹ لیول پر ہونا چاہیئے اور فوری طور پر ہر ڈسٹرکٹ کے اندر اتنے پیسے ریلیف کیلئے ہونے چاہئیں کہ ایمر جنسی میں ہم ان کو Use کر سکیں۔

جناب سپیکر: شکریہ، جناب سردار ظہور صاحب۔ جناب شاہ فرمان خان!

جناب شاہ فرمان (وزیر آبنوشی): شکریہ جناب سپیکر۔ ہم ان تمام ممبران کے شکر گزار ہیں جنہوں نے اگر Appreciate بھی کیا اور Positive criticism کی ڈیپارٹمنٹس کے اوپر، گورنمنٹ کو گائیڈ لائنز دیں کہ کہاں پر کمی ہے، کیا ہونا چاہیئے۔ جناب سپیکر، یہ جو Relief activities تھیں، یہ Compensatory activities نہیں تھیں، ریلیف میں آپ ریلیف دیتے ہیں، ریلیف میں آپ Compensate نہیں کرتے، Compensation کا مطلب یہ ہے کہ جتنا نقصان ہے، وہ آپ پورا کا پورا ادا کریں، ریلیف کا مقصد یہ ہے کہ لوگوں کی مشکل آسان کرنا، زندگی کو رواں دواں بنانا، اس کیلئے حکومت جلد سے جلد جتنا کچھ کر سکتی ہے۔ نمبر ون جناب سپیکر! سب نے یہ تقریباً تسلیم کیا کہ گورنمنٹ کا رسپانس کوئیک تھا، ایڈمنسٹریشن کا رسپانس کوئیک تھا اور Statistical detail جناب سپیکر، آپ کے سامنے موجود ہے، آنریبل ممبرز کے سامنے موجود ہے کہ کیش پیمنٹ کس انداز سے کی گئی، کس طرح کی گئی، کتنے کتنے ٹائم میں کی گئی؟ میں نہیں سمجھتا کہ گورنمنٹ نے کوئی Lethargy دکھائی، کوئی Laziness دکھائی۔ اس کے بعد سے جناب سپیکر، ری کنسٹرکشن اینڈ ری ہیبلیٹیشن کی جو بات ہے، اس کی اپنی Assessment ہونی چاہیئے، گورنمنٹ کرے گی اور اس کیلئے ایک مرکزی حکومت، صوبائی حکومت کی بات نہیں ہے، اس قسم کے ڈیزاسٹرز میں پوری دنیا مدد کرنے لگتی ہے اور ان شاءاللہ اس فیز کے اوپر بھی حکومت اسی طرح رسپانس دے گی جس طرح Relief activities کے اندر حکومت نے کیا اور ہر جگہ پر جناب سپیکر! یہ باقیات، جو فلڈ آیا، زلزلے آئے، ہمیشہ مرکز میں اور صوبہ میں حکومتیں ایک ہوا کرتی تھیں، 2009 میں جو فلڈ آیا تھا تو مرکز میں پیپلز پارٹی اور اے این پی کی حکومت تھی، صوبے میں بھی تھی۔ اس دفعہ پی ایم ایل (این) کی حکومت مرکز میں ہے اور پی ٹی آئی کی حکومت صوبے میں ہے لیکن جناب سپیکر! نہ ہم نے اس ایشو کو Politicize کیا اور نہ انہوں نے Politicize کیا، پرائم منسٹر صاحب نے 50% کا وعدہ کیا اور اب تک صوبائی حکومت نے جو 11.5 بلین ریلیز کئے ہیں، اس میں سے 3.5 بلین مرکز کی طرف سے

آئے ہیں اور ہمیں امید ہے کہ وہ ہمیں دیں گے پیسے، لہذا نہ انہوں نے حکومت کے اوپر اعتراض کیا، نہ ہم نے اس کے اوپر اعتراض کیا، کہیں غلطی ہو رہی ہو تو سب کو حق ہے یہ پوائنٹ آؤٹ کرنا لیکن یہ ایشو جناب سپیکر! کہیں سے بھی Politicize نہیں ہوا۔ جناب سپیکر، آپ کو یاد ہے، آپ پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی صدر اور میں جنرل سیکرٹری تھا اور پچھلی حکومت کے دوران ہم نے کئی APCs کے اندر حصہ لیا اور اس آل پارٹیز میں چاہے حکومت کو Relief activities کی ضرورت تھی، ہم نے سپورٹ کیا فلڈ کیلئے، جو پچھلی گورنمنٹ میں جب فلڈ آیا اور اے پی سی بلائی اور Presentation دی تو اس کے اندر جناب سپیکر! آپ کے سامنے عبدالاکبر خان صاحب نے پوائنٹ آؤٹ کیا کہ کہیں پر پانچ ہزار کمبل کی ضرورت تھی اور اتنی ہی لوگوں کو دس ہزار انگیٹھیوں کی ضرورت تھی اور ہم نے ریکویسٹ کی کہ ہمیں اس Presentation کی کاپی دی جائے، وہ ہمیں اسلئے نہیں دی گئی کہ اس کے اندر Statistical errors موجود تھے اور ڈونرز کیلئے بہانے تھے۔ اس کے علاوہ صوبے کے حقوق کیلئے جناب سپیکر، ہم نے پچھلی حکومت کا ساتھ دیا، تمام APCs میں شرکت کی اور رسپانس دیا، میں تمام پولیٹیکل پارٹیز کا، یہاں پر اس ہال میں بہت بڑی پولیٹیکل پارٹیز موجود ہیں جن کے ممبران کی تعداد سے واضح ہے کہ جے یو آئی یہاں موجود ہے، یہاں پر کیو ڈبلیو پی موجود ہے، یہاں پر پی ایم ایل (این) موجود ہے، یہاں پر پی ٹی آئی موجود ہے، جماعت اسلامی کے ارکان یہاں موجود ہیں، جناب سپیکر! مجھے بڑا دکھ ہوا۔۔۔۔

اراکین: پیپلز پارٹی اور اے این پی۔

وزیر آبنوشی: پیپلز پارٹی بھی موجود ہے، اے این پی بھی موجود ہے لیکن میں بات (مداخلت) یہ Statistical figures ہیں، یہ کوئی Fake نہیں ہیں، یہ کوئی Vague چیز نہیں ہے، Vague چیز نہیں ہے، یہ Statistical detail اور ان کرسیوں پر لکھی ہوئی بات ہے لیکن جناب سپیکر! جب ایک تعداد، ارکان کی تعداد کے لحاظ سے جب ایک چھوٹی پارٹی سارے سسٹم کو Politicize کرنے لگتی ہے تو مجھے دکھ ہوتا ہے کہ کسی نے اس کے اوپر Political statement نہیں دی، اس زلزلے کا جلسے سے کوئی تعلق نہیں۔ جناب سپیکر، اس صوبے کی پختونوں کے حقوق کے دعویداروں نے، اکنامک کاریڈور کے اوپر آپ نے میٹنگ Arrange کرائی، سارے پارلیمانی لیڈرز اس کے اندر موجود تھے سوائے اے این پی کے،

یہ سب پختونوں کے، پی ایم ایل (این) بھی پختونوں کا حق لڑ رہی ہے، اس صوبے سے ان کا کوئی تعلق ہے لیکن اے این پی نے وہاں پر حاضری نہیں دی، یہ اگر اکیلے اس صوبے کی سیاست کے اوپر، میں۔۔۔۔۔

(اس مرحلہ پر رکن اسمبلی، جناب سردار حسین کھڑے ہو کر بات کر رہے ہیں)

جناب سپیکر: اس کے بعد۔۔۔۔۔

وزیر آبنوشی: میں اسلئے بات کروں گا، میں اسلئے بات کروں گا کہ اس کے اوپر جو صوابی، مجھے یہ بتایا جائے۔۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامیاں)

وزیر آبنوشی: مجھے یہ بتایا جائے، نہیں میں اس صوبے کے ڈیزاسٹرز کے اوپر بات کر رہا ہوں۔۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: اچھا، آپ۔۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامیاں)

وزیر آبنوشی: میں اس صوبے کے ڈیزاسٹرز کے اوپر بات کر رہا ہوں۔۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامیاں)

وزیر آبنوشی: نہیں، مجھے بابک صاحب بتائیں گے، جناب سپیکر،

جناب سپیکر: آپ، آپ۔۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامیاں)

وزیر آبنوشی: مجھے بابک صاحب بتائیں گے کہ اس زلزلے سے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ زلزلے پر بات کریں، آپ زلزلے پر بات کریں۔

وزیر آبنوشی: نہیں نہیں، میں جناب سپیکر! میں کہہ رہا ہوں۔۔۔۔۔

جناب سردار حسین: اے این پی جناب سپیکر!۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جی، آپ موضوع پہ آجائیں، سردار حسین!۔۔۔۔۔

وزیر آبنوشی: میں کہہ رہاں ہوں، مجھے یہ بتائیں گے کہ اس زلزلے کا کیا تعلق ہے اس جلسے کے ساتھ؟

جناب سپیکر: موضوع پر بات کرلیں، پلیز۔

(شور اور قطع کلامیاں)

وزیر آبنوشی: مجھے یہ بتائیں گے کہ اگر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: Continue کریں، پلیز۔

وزیر آبنوشی: جناب سپیکر! اگر مجھے یہ بتائیں کہ اس زلزلے کا صوابی کے جلسے کا کیا تعلق تھا؟ تو میں ان کی بات مانتا ہوں۔ زلزلے کے اوپر۔۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: (جناب سردار حسین، رکن اسمبلی سے) ایک منٹ، اس کے بعد آپ بات کرلیں گے جی، آپ اس کے بعد۔۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامیاں)

وزیر آبنوشی: زلزلے کے اوپر تقریر میں، آپ کو پارٹی صرف۔۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: سردار حسین صاحب! آپ بیٹھ جائیں، پلیز، آپ بیٹھ جائیں۔ دیکھو، آپ نے بات کی۔۔

وزیر آبنوشی: ایک جلسے میں، اس جلسے میں جناب سپیکر!۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: (جناب سردار حسین، رکن اسمبلی سے) دیکھو، آپ نے بات کی۔۔۔۔۔

(شور)

وزیر آبنوشی: اگر، اگر، اگر جلسے کی بات نہیں ہوئی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: سردار حسین صاحب! آپ بیٹھ جائیں، اس کے بعد۔ جی۔

وزیر آبنوشی: جناب سپیکر! اگر جلسے میں، جلسے کی بات نہ ہوئی ہو، میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ چارسدہ اور صوابی کے جلسے میں ایک بہت بڑی غلطی ہوئی ہے جناب سپیکر! کہ وہاں پر اکنامک کاریڈور کی بات کی گئی ہے، ایک لیڈر نے جس کا تعلق پنجاب سے ہے لیکن وہ خیبر پختونخوا کے عوام کیلئے کھڑا ہے۔ میں یہ کہہ دوں، میری درخواست ہے۔۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: نہیں آپ، آپ۔۔۔۔۔

<u>وزیر آبنوشی</u>: میری درخواست ہے جناب سپیکر! زلزلے کے اوپر۔۔۔۔۔

(شور)

<u>وزیر آبنوشی</u>: میں وائنڈاپ کرتے ہوئے جناب سپیکر! یہ Statistical detail موجود ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی۔

<u>وزیر آبنوشی</u>: اور In writing اگر بایک صاحب یا ان کی پارٹی کی طرف سے In writing بتادیں کہ یہ آپ کی غلطیاں ہیں، ہم ادھر عوام کو بھی بتائیں گے، ایوان کو بھی بتائیں گے، تسلیم بھی کریں گے اور ان کا شکریہ بھی ادا کریں گے۔ ایک ہی پوائنٹ ہے جناب سپیکر! اس ڈیٹیل کا، وہ یہ ہے کہ میں ساری پولیٹیکل پارٹیز کا شکر گزار ہوں، اس صوبے کے اوپر ایک آفت آئی، ہم نے اپنا Role، پچھلے دور حکومت میں آفتوں کے اندر آپ بھی موجود تھے، جناب سپیکر! آپ پریذیڈنٹ تھے اور میں جنرل سیکرٹری تھا، میں مرکزی حکومت کا بھی شکر گزار ہوں، میں بلوچستان سندھ کا بھی شکر گزار ہوں، صرف یہاں پر اس بحث کی ضرورت اس وجہ سے پڑی کہ اگر کل کسی بھی پارٹی کی حکومت ہو، خدانخواستہ اس صوبے کے اوپر اتنی بڑی پریشانی آجائے تو نہ ہم نے ماضی میں کیا اور نہ مستقبل میں ایسے ایشو کو Politicize کریں گے۔ جناب سپیکر، ہم نے وطن کارڈ نہیں بنائے، ہم نے وطن کارڈ نہیں بنائے، ہم نے کیش دیا اور یہ ثبوت موجود ہے۔ شکریہ، جناب سپیکر۔

<u>Mr. Speaker</u>: The sitting is adjourned till 03:00 pm of Monday afternoon, 30th November 2015.

---

(اجلاس بروز سوموار مورخہ 30 نومبر 2015ء بعد از دوپہر تین بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)